| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 10 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ | سبق کا نام: حفظ و ترجمہ |

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سورۃ الفاتحہ مع ترجمہ حفظ کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو سورۃ الفاتحہ کی اہمیت کے بارے میں آگاہ کریں کہ یہ سورت سارے قرآن مجید کا خلاصہ ہے یا یوں کہیں کہ سارا قرآن مجید اس کی تفسیر ہے۔ اس سورت کا ایک نام السبع الثانی بھی ہے جس کا مطلب ہے بار بار پڑھی جانے والی سات آیات۔ چونکہ سورۃ الفاتحہ کی سات آیات ہیں اور اسے نماز کی ہر رکعت میں دہرایا جاتا ہے۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے گزشتہ روز پڑھائی گئی سورۃ الفاتحہ کی آیات مع ترجمہ زبانی سنیں۔ بہترین سبق سنانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اس کے بعد طلبہ کو ہدایت دیں کہ سورت کے ہر لفظ کو غور سے دیکھیں اور پڑھنے کی مشق کریں۔ انھیں ہدایت دیں کہ ہر حرف کی حرکت کی ادائی پر خاص توجہ دیں۔
- طلبہ کو سورۃ الفاتحہ کی پانچ سے سات بار پڑھائی کروائیں اور اس کا ترجمہ بھی پڑھائیں۔
- انھیں ہر آیت کا بامحاورہ ترجمہ و مفہوم بتائیں تا کہ وہ باآسانی ترجمہ حفظ کر لیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

سورۃ الفاتحہ مع ترجمہ درست تلفّظ کے ساتھ دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے سورۃ الفاتحہ مع ترجمہ زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

سورۃ الفاتحہ مع ترجمہ گھر میں کسی بڑے کو سنائیں اور یاد کرنے کی مشق کروائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

سورۃ الفاتحہ کا ترجمہ چارٹ پر خوشخط لکھ کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 10 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات و عبادات<br>(ب) عبادات | سبق کا نام: جمعۃ المبارک کی فضیلت + عیدین<br>(دہرائی) |

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- یومِ جمعہ اور نمازِ جمعہ کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- نمازِ جمعہ اور جمعہ کے دن کے فضائل سے واقف ہو سکیں۔
- نمازِ جمعہ کے احکام و آداب جان سکیں۔
- نمازِ جمعہ سے حاصل ہونے والے معاشرتی فوائد سے آگاہ ہو سکیں۔
- اتحاد و یکجہتی کے حوالے سے جمعہ کی اہمیت کو جان سکیں۔
- عیدین کا تعارف و اہمیت جان سکیں۔
- عیدین کی نماز کے احکام و آداب جان سکیں۔
- فطرانہ و قربانی کی روح سے آگاہ ہو سکیں۔
- عیدین سے حاصل ہونے والے معاشرتی فوائد سے آگاہ ہو سکیں۔
- عیدین کا اسلامی تہوار کی اصل روح کے مطابق منا سکیں۔

## تدریسی معاونات:

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔

## طریقہ تدریس: 5 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو سبق جمعۃ المبارک کی فضیلت + عیدین کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو مکمل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو باآواز بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں۔

**اعادہ:** **15منٹ**

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

**ورک شیٹ** **20منٹ**

**سوال 1: خالی جگہ پُر کریں۔**

ا۔ نمازِ جمعہ ہر بالغ مسلمان پر ____________ ہے۔

۲۔ عیدین پر عید گاہ کی طرف جاتے ہوئے ____________ پڑھنی چاہییں۔

۳۔ عید الفطر اور عید الاضحیٰ کو بڑی خوشی اور ____________ سے منایا جاتا ہے۔

۴۔ خطبۂ جمعہ خاموشی اور ____________ سے سننا چاہیے۔

**سوال 2: کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔**

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| عیدالفطر | فطرانہ |
| قربانی | خاموشی اور توجہ |
| نادار اور غریب | عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ |
| عیدین | یکم شوال |
| خطبات | حضرت ابراہیم عَلَیہِ السَّلَام کی سُنّت |

**سوال 3: دیے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔**

۱۔ فطرانہ سے کیا مراد ہے؟

۲۔ نمازِ جمعہ کے تین معاشرتی فوائد بیان کریں۔

۳۔ عیدین کے تین احکامات بیان کریں۔

۴۔ عید پر خطبہ سننے کا کیا فائدہ ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 10 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب سوم: سیرتِ طیّبہ خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: معراج النبی خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ + بیعتِ عقبہ اُولیٰ وثانیہ (دہرائی) |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اسراء اور معراج کا معنی و مفہوم سمجھ سکیں۔
- سفرِ معراج کے واقعہ سے اجمالی طور پر آگاہ ہو سکیں۔
- مسجدِ اقصیٰ میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی امامتِ انبیاء کرام علیہم السلام کے بارے میں جان سکیں۔
- بیت المعمور، سدرۃ المنتھٰی اور عرشِ معلّیٰ کا مطلب سمجھ سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے عظیم معجزہ معراج اور اس کے اثرات سے آگاہ ہو سکیں۔
- بیعتِ عقبہ اُولیٰ وثانیہ کے بارے میں جان سکیں۔
- بیعتِ عقبہ کی شرائط سے آگاہ ہو سکیں۔
- فروغِ اسلام میں بیعتِ عقبہ کے دُور رس نتائج جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔

**طریقہ تدریس:** **5 منٹ**

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو سبق معراج النبی خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ + بیعتِ عقبہ اُولیٰ وثانیہ کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو مکمل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو باآواز بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں۔

| اعادہ: | 15منٹ |
| --- | --- |

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

| ورک شیٹ | 20منٹ |
| --- | --- |

**سوال 1: دُرست جواب پر دائرہ لگائیں۔**

۱ عَقبہ کے مقام پر سب سے پہلے قبیلہ خزرج کے افراد نے اسلام قبول کیا:

الف ۹ افراد نے　ب ۱۲ افراد نے　ج ۶ افراد نے　د ۷ افراد نے

۲ بیعت عقبہ ثانیہ ہوئی:

الف نبوّت کے تیرھویں سال　ب نبوّت کے بارھویں سال

ج نبوّت کے گیارھویں سال　د نبوّت کے چودھویں سال

۳ بیعتِ عَقبہ ثانیہ میں اسلام قبول کیا:

الف ۷۰ افراد نے　ب ۷۵ افراد نے　ج ۱۸۰ افراد نے　د ۲۰۰ افراد نے

۴ حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے بطورِ معلّم اہلِ مدینہ کے ساتھ روانہ کیا:

الف اسعد بن زرارہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو　ب مصعب بن عمیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو

ج براء بن عازب کو　د حضرت بلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو

سوال2: درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھیں۔

ا۔ واقعہ معراج کے اثرات بیان کریں۔

۲۔ بیعتِ عقبہ کے کون کون سے دور رس نتائج بر آمد ہوئے؟